احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

روزنامہ
الفضل
C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 24 مارچ 2007ء 4 ربیع الاول 1428 ہجری 24 امان 1386 ہش جلد 57-92 نمبر 65

خوبصورت ترین آواز

حضرت براءؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک سفر میں تھے کہ آپ نے نماز عشاء پڑھائی اور ایک رکعت میں سورۃ التین کی تلاوت کی۔ اور میں نے آپ سے زیادہ خوبصورت آواز نہیں سنی۔

(صحیح بخاری کتاب الاذان باب القراءۃ فی العشاء حدیث نمبر 727)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

''قرآن شریف کی ایسی تاثیر ہے کہ اگر پہاڑ پر وہ اترتا، تو پہاڑ خوف خدا سے ٹکڑے ٹکڑے ہوجاتا اور زمین کے ساتھ مل جاتا۔ جب جمادات پر اس کی ایسی تاثیر ہے تو بڑے ہی بیوقوف وہ لوگ ہیں جو اس کی تاثیر سے فائدہ نہیں اٹھاتے اور دوسرے اس کے معنی یہ ہیں کہ کوئی شخص محبت الٰہی اور رضائے الٰہی کو حاصل نہیں کرسکتا۔ جب تک دو صفتیں اس میں پیدا نہ ہوجائیں۔ اول تکبر کو توڑنا جس طرح کہ کھڑا ہوا پہاڑ جس نے سر اونچا کیا ہوا ہوتا ہے گر کر زمین سے ہموار ہوجائے۔ اسی طرح انسان کو چاہئے کہ تمام تکبر اور بڑائی کے خیالات کو دور کرے۔ عاجزی اور خاکساری کو اختیار کرے اور دوسرا یہ ہے کہ پہلے تمام تعلقات اس کے ٹوٹ جائیں جیسا کہ پہاڑ گر کر متصدعا ہوجاتا ہے۔ اینٹ سے اینٹ جدا ہوجاتی ہے۔ ایسا ہی اس کے پہلے تعلقات جو موجب گندگی اور الٰہی نارضامندی تھے وہ سب تعلقات ٹوٹ جائیں اور اب اس کی ملاقاتیں اور دوستیاں اور محبتیں اور عداوتیں صرف اللہ تعالیٰ کے لئے رہ جائیں۔'' (ملفوظات جلد اول ص 511)

تقویٰ کے مضمون پر ہم کچھ شعر لکھ رہے تھے اس میں ایک مصرعہ الہامی درج ہوا۔ وہ شعر یہ ہے۔

ہر اک نیکی کی جڑ یہ اتقا ہے ☆ اگر یہ جڑ رہی سب کچھ رہا ہے

اس میں دوسرا مصرعہ الہامی ہے۔ جہاں تقویٰ نہیں وہاں حسنہ حسنہ نہیں اور کوئی نیکی نیکی نہیں۔ اللہ تعالیٰ قران شریف کی تعریف میں فرماتا ہے۔ ھدی للمتقین (البقرہ:3) قرآن بھی ان لوگوں کے لئے ہدایت کا موجب ہوتا ہے جو تقویٰ اختیار کریں۔ ابتدا میں قرآن کے دیکھنے والوں کا تقویٰ یہ ہے کہ جہالت اور حسد اور بخل سے قرآن شریف کو نہ دیکھیں بلکہ نور قلب کا تقویٰ ساتھ لے کر صدق نیت سے قرآن شریف کو پڑھیں۔ (ملفوظات جلد اول ص 536)

قرآن شریف پر غور کی ضرورت

''افسوس ہے کہ لوگ جوش اور سرگرمی کے ساتھ قرآن شریف کی طرف توجہ نہیں کرتے جیسا کہ دنیادار اپنی دنیاداری پر یا ایک شاعر اپنے اشعار پر غور کرتا ہے۔ ویسا بھی قرآن شریف پر غور نہیں کیا جاتا۔ بٹالہ میں ایک شاعر تھا۔ اس کا ایک دیوان ہے۔ اس نے ایک دفعہ ایک مصرعہ کہا۔

صبا شرمندہ مے گردد بروئے گل نگہ کردن

مگر دوسرے مصرعہ کی تلاش میں برابر چھ مہینے سرگردان وحیران پھرتا رہا۔ بالآخر ایک دن ایک بزاز کی دوکان پر کپڑا خریدنے گیا۔ بزاز نے کئی تھان کپڑوں کے نکالے، پر اس کو کوئی پسند نہ آیا۔ آخر بغیر کچھ خریدنے کے جب اٹھ کھڑا ہوا، تو بزاز ناراض ہوا کہ تم نے اتنے تھان کھلوائے اور بے فائدہ تکلیف دی۔ اس پر اس کو دوسرا مصرعہ سوجھ گیا۔ اور اپنا شعر اس طرح سے پورا کیا۔

صبا شرمندہ مے گردد بروئے گل نگہ کردن ☆ کہ رخت غنچہ راوا کرد نتوانست تہ کردن

جس قدر محنت اس نے ایک مصرعہ کے لئے اٹھائی۔ اتنی محنت اب لوگ ایک آیت قرآنی کے لئے سمجھنے کے لئے نہیں اٹھاتے۔ قرآن جواہرات کی تھیلی ہے اور لوگ اس سے بے خبر ہیں۔'' (ملفوظات جلد اول ص 532)

موبائل فون کا استعمال

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں۔

''بعض لوگوں کو موبائل فون بڑے اہم ہوتے ہیں (اس وقت بھی شاید کسی کا فون بج رہا ہے) اگر اتنے اہم فون آنے کا خیال ہو تو پھر وہ فون رکھیں جو اچھی قسم کے ہیں جن کی آواز کم کی جاسکتی ہے جیب میں رکھیں اس کی وائبریشن (Vibration) سے آپ کو احساس ہوجائے کہ فون آیا ہے اور باہر جاکر سن لیں۔ کم ازکم لوگوں کو نمازوں کے دوران جلسوں کے دوران اور تقریروں کے دوران ڈسٹرب نہ کیا کریں۔''

(مشعل راہ جلد پنجم حصہ دوم صفحہ 73)

(مرسلہ اصلاحی کمیٹی نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ)

سپیشلسٹ ڈاکٹرز کی آمد

فضل عمر ہسپتال ربوہ میں درج ذیل پروگرام کے مطابق سپیشلسٹ ڈاکٹرز معائنہ وعلاج معالجہ کیلئے تشریف لا رہے ہیں۔ احباب پرچی روم سے پرچی حاصل کرلیں۔ مزید معلومات کیلئے استقبالیہ سے رجوع کریں۔

ماہر امراض کینسر

مکرم ڈاکٹر ظفر اقبال صاحب 26,25 مارچ 2007ء

(مریضان ٹیسٹ اور رپورٹس ضرور ہمراہ لائیں)

آئی سپیشلسٹ

مکرمہ ڈاکٹر عاصمہ باجوہ صاحبہ 25 مارچ 2007ء

ماہر امراض قلب

مکرم ڈاکٹر مسعود الحسن نوری صاحب 31 مارچ و یکم اپریل 2007ء

(نوٹ: میڈیکل آؤٹ ڈور سے ریفر کروائے بغیر دکھانا ممکن نہ ہوگا)

ویب سائٹ www.foh-rabwah.org

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

درخواست دعا

☆ مختلف مقدمات میں ملوث افراد جماعت کی باعزت بریت کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان احباب کی قربانی قبول فرمائے اور ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے۔ آمین

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر نمبر 427

ناقابل تسخیر روحانی قوت

حضرت سیدنا محمود المصلح الموعود کا بیان فرمودہ تاریخ مذہب کا ایک خصوصی پہلو جو ہر احمدی کے لئے لمحہ فکریہ کی حیثیت رکھتا ہے:۔

''رسول کریم ﷺ نے جس محنت اور مشقت کا ثبوت دنیا کے سامنے پیش کیا ہے اسے دیکھتے ہوئے آپ کے متبعین میں سے کسی کو یہ جرأت نہیں ہوسکتی کہ وہ کہے کہ ملیریا کا ہمارے ملک میں پایا جانا ہمارے ملک کی سستی اور غفلت کے لئے کافی عذر ہے۔ ہم جب رسول کریم ﷺ کی زندگی دیکھتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے آپ آدھی رات کے بعد اٹھ بیٹھتے اور عبادت شروع کر دیتے ہیں۔ اسی عبادت کے دوران میں فجر کی اذان ہوتی ہے اور آپ کو نماز کے لئے اطلاع ملتی ہے رسول کریم ﷺ نماز پڑھانے چلے جاتے ہیں۔ نماز پڑھا کر آپ مسجد میں ہی بیٹھ جاتے ہیں اور فرماتے ہیں جس کو کوئی ضرورت اور احتیاج ہو وہ بیان کرے۔ اس پر پہلے جن جن لوگوں کو رات کو کوئی خواب آیا ہوتا وہ بیان کرتے اور آپ تعبیریں بتاتے، اس کے بعد جنہیں کوئی دوسری حاجتیں ہوتیں وہ آپ کے سامنے اپنی حاجات بیان کرتے اور آپ مناسب مشورے دیتے۔ پھر صحابہ کو آپ قرآن کی تعلیم دیتے بعض کو حفظ کراتے اور بعض کو معانی بتاتے پھر مقدمات والے آجاتے اور آپ ان کے جھگڑوں کو سنتے اور فیصلہ کرتے۔ مقدمات سننے کے بعد ظہر کا وقت آجاتا ہے اور آپ کھانا کھانے اندر تشریف لے جاتے ہیں اس کے بعد ظہر کی نماز ادا کرنے کے لئے نکلتے ہیں۔ ظہر کی نماز کے بعد پھر وہی سلسلہ شروع ہو جاتا ہے، درس و تدریس ہوتا ہے، اسلامی ضروریات پر مشورے ہوتے ہیں، قانون کی تفصیلات بیان کی جاتی ہیں، افتاء کا کام کیا جاتا ہے اسی میں عصر کا وقت آجاتا ہے اور آپ عصر کی نماز پڑھانے کھڑے ہو جاتے ہیں پھر یا تو نصائح کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے یا فوجی مشقیں ہونے لگتی ہیں کیونکہ بالعموم عصر کے بعد رسول کریم ﷺ صحابہ سے فوجی مشقیں کراتے کہیں تیراندازی ہوتی، کہیں کشتی ہوتی، کہیں گھڑ دوڑ ہوتی۔ اسی طرح بالعموم ظہر سے پہلے اور اشراق کے بعد رسول کریم ﷺ بازار تشریف لے جاتے اور بھاؤ وغیرہ معلوم کرتے اور دیکھتے کہ کہیں دکاندار دھوکا تو نہیں کر رہے یا لوگ دکانداروں پر تو ظلم نہیں کر رہے اور عصر کے بعد وعظ و نصیحت کا سلسلہ شروع ہوتا یا صحابہ کو فوجی مشقیں کرائی جاتیں اور انہیں جنگ کے لئے تیار کیا جاتا۔ گویا اس وقت رسول کریم ﷺ جرنیل کے فرائض سرانجام دیتے۔ پھر مغرب کی نماز پڑھا کر کھانا کھا کر آپ مسجد میں آجاتے اور مجلس لگ جاتی پھر عشاء تک یا تو مقدمات کے تصفیے ہوتے یا شکایات سنی جاتی ہیں یا تعلیم دی جاتی ہے۔ اسی دوران میں عشاء کی نماز کا وقت آجاتا ہے اور عشاء کی نماز پڑھ کر اور نوافل سے فارغ ہوکر آپ سو جاتے اور آدھی رات کے بعد پھر اٹھ بیٹھتے اور اسی کام کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ غرض اس زندگی میں ایک منٹ بھی تو ایسا نہیں آتا جسے ہمارے ہاں گپیں ہانکنے کے لئے ضروری سمجھا جاتا ہے اور نہایت قیمتی وقت محض بکواس میں ضائع کر دیا جاتا ہے کہ فلاں کا یہ حال ہے اور فلاں کا یہ۔ اور اصل کام کی طرف توجہ نہیں کی جاتی۔ اسی وقت کے اندر رسول کریم ﷺ اپنی بیویوں کے حقوق بھی ادا کرتے تھے اور اتنی توجہ سے ادا کرتے تھے کہ ہر بیوی سمجھتی تھی کہ سب سے زیادہ میں ہی آپ کی توجہ کے نیچے ہوں۔ پھر بیوی بھی ایک نہیں آپ کی نو بیویاں تھیں اور نو بیویوں کے ہوتے ہوئے ایک بیوی بھی یہ خیال نہیں کرتی تھی کہ میری طرف توجہ نہیں کی جاتی۔ چنانچہ عصر کی نماز کے بعد رسول کریم ﷺ کا معمول تھا کہ آپ ساری بیویوں کے گھروں میں ایک چکر لگاتے اور ان سے ان کی ضرورتیں دریافت فرماتے۔ پھر بعض دفعہ خانگی کاموں میں آپ ان کی مدد بھی فرما دیتے اس کام کے علاوہ جو میں نے بیان کئے ہیں اور بھی بیسیوں کام ہیں جو رسول کریم ﷺ سرانجام دیتے ہیں۔ پس آپ کی زندگی کا کوئی لمحہ ایسا نہیں جو فارغ ہو مگر آپ بھی اسی ملیریا والے ملک کے رہنے والے تھے۔ پھر حضرت مسیح موعود کو ہم دیکھتے ہیں مجھے یاد ہے حضرت مسیح موعود کے کام کی یہ حالت ہوتی کہ ہم جب سوتے تو آپ کو کام کرتے دیکھتے اور جب آنکھ کھلتی تب بھی آپ کو کام کرتے دیکھتے اور باوجود اتنی محنت اور مشقت برداشت کرنے کے جو دوست آپ کی کتابوں کے پروف پڑھنے میں شامل ہوتے آپ ان کے کام کی اس قدر، قدر فرماتے کہ اگر عشاء کے وقت بھی کوئی آواز دیتا کہ حضور میں پروف لے آیا ہوں تو آپ چارپائی سے اٹھ کر دروازہ تک جاتے ہوئے راستہ میں کئی دفعہ فرماتے جزاك الله۔ آپ کو بڑی تکلیف ہوئی جزاك الله۔ آپ کو بڑی تکلیف ہوئی۔ حالانکہ وہ کام اس کام کے مقابلہ میں کچھ بھی نہیں ہوتا تھا جو آپ خود کرتے تھے۔ غرض اس قدر کام کرنے کی عادت ہم نے حضرت مسیح موعود میں دیکھی ہے کہ اس کی وجہ سے ہمیں حیرت آتی۔ بیماری کی وجہ سے بعض دفعہ آپ کو ٹہلنا پڑتا مگر اس حالت میں بھی آپ کام کرتے جاتے۔ سیر کے لئے تشریف لے جاتے تو راستہ میں بھی مسائل کا ذکر کرتے اور سوالات کے جوابات دیتے۔

(خطبات محمود جلد 17 صفحہ 248)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

مریم گرلز ہائی سکول کا اعزاز

۞ مورخہ 14 مارچ 2007ء کو سالانہ گیمز و مقابلہ جات آل پنجاب گورنمنٹ گرلز ہائی سکول گٹی چک نمبر 202 گ۔ب فیصل آباد میں منعقد ہوئے۔ جن میں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مریم گرلز ہائی سکول کی طالبہ عزیزہ امۃ النصیر رباء بنت مکرم اصغر علی صاحب جماعت نہم نے ضلع جھنگ کی نمائندگی کرتے ہوئے ہائی جمپ کے Event میں سیکنڈ پوزیشن حاصل کی۔ الحمدللہ احباب کرام سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں ہمیشہ اعلیٰ اعزازات سے نوازے اور ہمیں حقیقی وقف کی روح سے اپنے فرائض ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

(ہیڈ مسٹریس مریم گرلز ہائی سکول ربوہ)

جاب فیئر کے سیمینارز

۞ روزی PK جاب فیئر کی طرف سے کراچی اور اسلام آباد میں ایک سیمینار کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ کوشش کریں کہ تعلیم یافتہ خواتین اور نوجوان اس سے بھرپور فائدہ حاصل کریں۔ اس موقع پر خواتین و نوجوانوں سے C.V بھی موصول کی جائیں گی۔ سیمینار کی تاریخیں درج ذیل ہیں۔

اسلام آباد۔ یکم اپریل 2007ء میریٹ ہوٹل

کراچی۔ 8۔اپریل 2007ء ایکسپو سنٹر

(نظارت صنعت و تجارت)

ولادت

۞ مکرم چوہدری نور احمد صاحب ناصر لاہور لکھتے ہیں کہ خاکسار کے بڑے بیٹے مکرم چودھری منصور احمد صاحب ناصر پرنسپل شاہ تاج احمدیہ ایلیمنٹری اینڈ جونیئر ہائی سکول منرو ویا لائبیریا کو اللہ تعالیٰ نے مورخہ 9 فروری 2007ء کو محض اپنے فضل سے دوسرے بیٹے سے نوازا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت نومولود کا نام مصور احمد عطا فرمایا ہے۔ نومولود وقف نو کی بابرکت تحریک کا ثمر ہے۔ نومولود مکرم چودھری نور محمد صاحب سفید پوش حسن پور کلاں ضلع ہوشیار پور، مکرم چوہدری محمد عبداللہ صاحب مرحوم درویش قادیان سابق نائب ناظر اعلیٰ قادیان کی نسل سے اور مکرم چودھری ارشد بیگ صاحب نمبردار چک نمبر 366/W.B ضلع لودھراں کا نواسہ ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو صحت و تندرستی والی لمبی عمر سے نوازے نیز خادم دین بنائے اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔ آمین

نکاح

۞ مکرمہ امۃ النصیر شاد صاحبہ صدر لجنہ اماء اللہ پیس ولیج ویسٹ ٹورانٹو کینیڈا تحریر کرتی ہیں کہ میرے بیٹے مکرم خالد شریف شاد صاحب ابن مکرم منظور احمد شاد صاحب کینیڈا کے نکاح کا اعلان محترم مولانا سلطان محمود انور صاحب ناظر خدمت درویشاں نے مورخہ 14 فروری 2007ء کو بعد نماز ظہر دس ہزار کینیڈین ڈالر زحق مہر پر بیت المبارک ربوہ میں مکرمہ ارم محمود صاحبہ بنت مکرم محمود احمد صاحب لاثانی ٹاؤن فیصل آباد کے ساتھ کیا۔ مکرم خالد شریف شاد صاحب مکرم حاجی شریف احمد صاحب زرگر مرحوم کے پوتے اور مکرم میاں عبدالسلام صاحب زرگر مرحوم کے نواسے ہیں۔ احباب جماعت سے اس رشتہ کے بابرکت اور مثمر بثمرات حسنہ ہونے کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

نکاح و تقریب شادی

۞ مکرم ماسٹر اللہ بخش رحمٰن کالونی ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے بیٹے مکرم نواز احمد صاحب مربی سلسلہ کے نکاح کا اعلان ہمراہ مکرمہ مدیحہ رباب صاحبہ بنت مکرم منیر احمد صاحب دارالنصر شرقی ربوہ مورخہ 5 نومبر 2006ء کو مکرم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح و ارشاد مرکزیہ نے پچاس ہزار روپے حق مہر پر بیت المبارک میں بعد نماز عصر کیا اور مورخہ 11 نومبر 2006ء کو تقریب شادی منعقد ہوئی۔ رخصتانہ کے موقع پر دعا مکرم مبارک احمد صاحب صدر محلّہ نے کروائی۔ 12 نومبر 2006ء کو دعوت ولیمہ کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر دعا مکرم مولانا مبشر احمد صاحب کاہلوں ایڈیشنل ناظر اصلاح و ارشاد مقامی نے کروائی۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو دونوں خاندانوں کیلئے بابرکت فرمائے۔

درخواست دعا

۞ مکرم مشہود احمد صاحب ڈسکہ شرقی سیالکوٹ تحریر کرتے ہیں کہ میرے والد مکرم سلطان احمد صاحب ساکن منڈیکی گورائیہ ضلع سیالکوٹ کافی دنوں سے بیمار ہیں ان کی کامل صحت یابی کیلئے تمام دوستوں سے دعا کی درخواست ہے۔

۞ مکرم چوہدری محمد اقبال گورائیہ صاحب سیکرٹری وقف نو حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور چار پانچ دن سے شدید بخار کی وجہ سے بیمار ہیں۔ احباب جماعت سے جلد شفایابی کیلئے درخواست دعا ہے۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

حضرت بانی احمدیت کے ہمعصر فیاض اور روشن دماغ وزیر اعظم
آنریبل خلیفہ سید محمد حسن خاں صاحب پٹیالوی

محترم مولانا دوست محمد شاہد صاحب مورخ احمدیت

انیسویں صدی کا تحقیقی شاہکار

انیسویں صدی عیسوی کے آخری دو عشروں میں حضرت مسیح موعود کی معتم بالشان کتاب براہین احمدیہ نے مذہبی دنیا میں زلزلہ سا بپا کر دیا تھا۔ ندوۃ العلماء لکھنؤ کی ایک عبقری شخصیت اور ممتاز عالم جناب سید ابوالحسن ندوی (متوفی 31 دسمبر 1999ء) اس انقلاب انگیز تالیف کی نسبت تحریر فرماتے ہیں:۔

''ہندوستان کے بہت سے علمی و دینی حلقوں میں اس کتاب کا پرجوش استقبال کیا گیا۔ اس کتاب کے خاص معترفین اور پرجوش تائید کرنے والوں میں مولانا محمد حسین بٹالوی کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ انہوں نے اپنے رسالہ اشاعۃ السنہ میں اس پر ایک طویل تبصرہ یا تقریظ لکھی جو رسالہ کے چھ نمبروں میں شائع ہوئی۔ اس میں کتاب کو بڑے شاندار الفاظ میں سراہا گیا ہے۔ **اور اس کو عصر حاضر کا ایک علمی کارنامہ اور تحقیقی شاہکار قرار دیا گیا ہے۔**''

(قادیانیت صفحہ 58 ناشر مجلس نشریات اسلام ناظم آباد نمبر 1 کراچی نمبر 18 اشاعت سوم 1976ء)

معاونین میں سرفہرست وزیر اعظم ریاست پٹیالہ

حضرت اقدس نے کتاب کے حصہ اول کی ابتدا میں ان مردان اہل ہمت کے اسماء مبارکہ زیب تحریر فرمائے جنہوں نے اس کی خریداری اور طبع میں معاونت کی اور حضرت نے اس فہرست کی غرض و غایت یہ بیان فرمائی:۔

''تا جب تک صفحہ روزگار میں نقش افادہ و افاضہ اس کتاب کا باقی رہے ہر یک مستفیض کہ جس کا اس کتاب سے وقت خوش ہو مجھ کو اور میرے معاونین کو دعائے خیر سے یاد کرے۔''

ازاں بعد رقم فرمایا:۔

''اس جگہ بطور تذکرۂ خاص کے اس بات کا ظاہر کرنا بھی ضروری ہے کہ آج تک سب سے زیادہ اعانت حضرت خلیفہ سید محمد حسن خان صاحب بہادر وزیر اعظم و دستور معظم ریاست پٹیالہ سے اعانت ظہور میں آئی۔

ریاست کی طرف سے حضرت

اقدس کا شاندار استقبال

نواب مشیر الدولہ، ممتاز الملک آنریبل خان بہادر حضرت خلیفہ سید محمد حسن خاں اس دور کے مخیر وفیاض اور مرنجان مرنج طبیعت کے مالک تھے انہیں حضرت مسیح موعود سے از حد عقیدت تھی آپ نہایت ذوق و شوق سے مجالس میں براہین احمدیہ پڑھوا کر سنتے اور گھنٹوں اس سے روحانی حظ اٹھاتے۔ انہی کی درخواست پر حضرت اقدس جون 1888ء میں پٹیالہ تشریف لے گئے جناب مرتضٰی خاں حسن مرحوم کی مطبوعہ روایت کے مطابق انہوں نے مامور وقت کا شاندار استقبال کیا اور ریاستی دستور کے مطابق ہاتھی اور گھوڑے سٹیشن تک لے گئے اس وقت لوگوں کا زبردست اژدہام تھا لوگ شمع کے پروانوں کی طرح گرے پڑتے تھے۔ اس درجہ بندگان خدا کا ہجوم تھا کہ پٹیالہ کی تاریخ میں اس کی کوئی نظیر و مثال نہیں ملتی۔

(اخبار پیغام صلح لاہور 26 مئی 1954ء)

مختصر حالات زندگی

اب اس فرشتہ سیرت اور بزرگ وزیر اعظم کے مختصر حالات زندگی ہدیہ قارئین کرتا ہوں جو آپ کے نبیرہ سید محمد اسلم صاحب پٹیالوی نے قلمبند کئے ہیں آپ تحریر فرماتے ہیں:۔

سال پیدائش 1839ء سال وفات 1908ء

مرحوم خلیفہ محمد حسین صاحب کے بزرگ سید جلال الدین حسین صاحب المعروف بہ ''سید جلال بخاری'' بخارا سے شہر ملتان میں 635 ہجری میں تشریف لائے۔ ''حضرت جلال بخاری'' کا مزار (اچ شریف) ریاست بہاولپور میں اس وقت تک مرجع خاص و عام ہے اور ریاست کی طرف سے اس کے انتظام کیلئے ایک معقول جاگیر مقرر ہے۔ سید جلال بخاری کے پوتے سید جلال الدین ثانی المعروف بہ ''مخدوم جہانیاں جہاں گشت'' نہایت باخدا بزرگ گزرے ہیں جن کے محاسن کریمہ آج تک پنجاب و ہندوستان بھر میں معروف و مشہور ہیں۔

حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت کی اولاد میں سید نظام الدین صاحب دہلی سے 802 ہجری میں آ کر سامانہ میں آباد ہوئے۔ یہ ایک پرانا اور مشہور قصبہ ہے جو پٹیالہ سے (اٹھارہ) میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔

انہیں بخاری سادات سامانہ میں سے حکیم سید غلام حسن جو اپنے زمانہ کے ایک مشہور اور نامور طبیب گزرے ہیں خلیفہ سید محمد حسین کے دادا تھے۔ ان کے بیٹے حکیم سید سعادت علی صاحب عرصہ دراز تک طبیب شاہی کی حیثیت سے اپنے فرائض منصبی مہاراجہ کرم سنگھ رئیس پٹیالہ کی خدمت میں بجا لاتے رہے اس کے بعد مہاراجہ موصوف نے مرحوم کی علمی قابلیت اور لیاقت پر نظر کر کے ان کو اپنے ولی عہد مہاراجہ نرندر سنگھ کا اتالیق مقرر فرمایا اس نسبت سے سید صاحب موصوف کا خاندان اب تک ''خلیفہ'' کے لقب سے مشہور ہے لفظ (خلیفہ سے) سے مراد اتالیق کا بیٹا ہے۔ سید سعادت علی کے بعد اتالیق کا عہدہ ان کی اولاد میں مختلف ولی عہدوں کیلئے سلسلہ وار قائم رہا اس لئے لفظ خلیفہ اس خاندان کیلئے عام طور سے استعمال ہونے لگا۔

خلیفہ سید محمد حسین مسلمانوں کی قدیم تہذیب اور شائستگی کا بہترین نمونہ تھے فضیلت علمی کے ساتھ نہایت باوقار اور سنجیدہ بزرگ تھے۔ انہوں نے اپنے نامور اسلاف کے قدم بہ قدم ریاست پٹیالہ کی اہم خدمات نہایت وفاداری اور تدبر کے ساتھ انجام دیں۔ جس کے صلہ میں باوقات مختلف مہاراجگان سے انعامات ملے اور جاگیریں عنایت ہوئیں۔ برٹش گورنمنٹ نے بھی ان کی نمایاں حیثیت قابلیت اور عمدہ کارگزاریوں کے اعتراف میں خطابات مشیر الدولہ، ممتاز الملک اور خان بہادری سے مخاطب کر کے سرفراز کیا اور پنجاب کی سب سے پہلی لجیس لیٹو کونسل میں ریاست پٹیالہ کے بہترین عہدہ دار کی حیثیت سے کونسل مذکور کا آپ کو ممبر منتخب کیا۔

خلیفہ صاحب کو اپنی قوم کی علمی ترقی سے بدرجہ اتم ذوق و شوق تھا وہ اور ان کے بڑے بھائی خلیفہ سید محمد حسن الخاطب وزیر الدولہ، مدبر الملک ابتدا سے سرسید احمد خاں کی تحریک تعلیمی کے دست و بازو اور مدرسۃ العلوم علی گڑھ کے نامور ٹرسٹی تھے ان کے اثر سے اور ان کی توجہ سے بیش بہا عطیہ جات کی امداد مختلف زمانوں میں مدرسۃ العلوم کو حاصل ہوئی۔ وہ مذہباً راسخ العقیدہ شیعہ تھے لیکن انہوں نے شیعہ سنی کے اتحاد و اخوت باہمی کے رشتہ کو قومی ترقی کو نصب العین سمجھ کر ہمیشہ سلوک اور اتحاد کی زبردست کوشش کی۔ **وہ تعصبات مذہبی کی طرف سے نہایت فراخدل واقع ہوئے تھے۔ ان کی طبع سلیم مدت العمر نہ صرف اپنی قوم کی ہوا خواہی میں گزری بلکہ پنجاب یونیورسٹی کو بھی انہوں نے بہت سے وظائف اور تمغہ جات قابلیت اپنی طرف سے بلا امتیاز قومی عطا کئے جن سے اب تک کامیاب طلبہ فیض پا رہے ہیں۔ جب پنجاب میں سر چارلس ایچیسن لیفٹیننٹ گورنر کے زمانہ میں اردو ہندی کا سوال اٹھا تو اس تجویز کی نہایت قابلیت کے ساتھ خلیفہ صاحب نے پرجوش طریقے سے مخالفت کی اور عدالتوں میں بجائے اردو کے ہندی کا رسم الخط جاری ہو جانے سے جو نقصان پہنچتا اس سے ان کو محفوظ رکھا۔**

جب مدرسۃ العلوم علی گڑھ میں شیعوں اور سنیوں کے واسطے جدا جدا دو مسجدیں تعمیر کرنے کی تجویز اراکین کمیٹی کے سامنے پیش تھی تو اس تجویز کی خلیفہ صاحب اور ان کے بڑے بھائی خلیفہ وزیر الدولہ نے سختی کے ساتھ مخالفت کی اور سرسید کو لکھا کہ یہ تجویز اس اتحاد و یکجہتی کے اصول کے منافی ہوگی جس کے قائم کرنے کیلئے ہم سب نے کالج کی بنیاد قائم کی ہے۔ چنانچہ مذکورہ بالا رائے کا جملہ ٹرسٹیان مدرسۃ العلوم علی گڑھ نے احترام کر کے ایک مسجد تعمیر کرنے پر اتفاق رائے کیا۔ مرحوم کو تصنیف و تالیف کا بھی شوق تھا۔ اعجاز التنزیل، اور ترجمہ سیر و سیاحت ڈاکٹر برنیر دو مفید کتابیں آپ کے علمی شغف کی یادگار باقی ہیں۔ 1905ء میں بہ عہد نواب محسن الملک ایجوکیشنل کانفرنس کی مجلس کے علی گڑھ میں صدر منتخب ہوئے مجلس ہذا کی ترقی سے اور اس کے ذریعہ سے ہر صوبہ کے مسلمانوں میں اتحاد باہمی کی وسعت کو دیکھ کر اور عام طور پر تعلیمی خواہش کا رجحان دیکھ کر آپ کو خصوصیت کے ساتھ دلچسپی تھی اور اس لحاظ سے انہوں نے اجلاس کیلئے کانفرنس میں شریک ہونے کے واسطے باوجود کبرسنی کے لمبے لمبے اور دور دراز مقامات مثلاً 1906,7 میں پٹیالہ سے ڈھاکہ اور کراچی کے سفر کئے۔

بالآخر ہر کمال راز والے بزرگوں اور بزرگ زادوں کی یہ آخری یادگار بھی جو اپنی ذاتی خوبیوں اور اوصاف انسانی کے لحاظ سے سچائی، ہمدردی، نیکی، بلند ہمتی علمی اور عملی اخلاق کا ذخیرہ تھی 1908ء (نے) لباس فنا پہن کر، جس کے شمع حیات کے نور سے ایک عالم فیضیاب تھا، ہمیشہ کیلئے بجھا دیا۔''

(دستاویزات آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس صفحہ 332 تا 335 مرتبہ آغا حسین ناشر قومی ادارہ تحقیق تاریخ و ثقافت اسلام آباد 1986ء۔)

اتحاد امت کیلئے بے پناہ ولولہ

آخر میں مناسب ہوگا کہ حضرت خلیفہ سید محمد

حسین خان کے اس خطبہ صدارت کا ایک اقتباس حوالہ قرطاس کیا جائے جو آپ نے 1905ء میں ایجوکیشنل کانفرنس کے اجلاس علی گڑھ میں ارشاد فرمایا جس کے لفظ لفظ سے مسلمانان برصغیر کی ہمدردی اور ملت بیضاء سے غمخواری کا جذبہ ٹپکتا ہے۔ اے کاش اس محسن قوم وملت کے دردِ دل سے نکلے ہوئے الفاظ اکیسویں صدی کے کروڑوں مایوس اور غمزدہ نفوس کو بصیرت کی آنکھیں عطا کرسکیں۔ آپ نے علی گڑھ کے پلیٹ فارم پر صدارتی تقریر کرتے ہوئے فرمایا:۔

جو بات تمام اہل اسلام خصوصاً تعلیم یافتہ مسلمانوں کو مدنظر رکھنی چاہئے اور وہ یہ ہے کہ اختلافات عقائد اور اختلاف وطن وملک سے ان کے خیالات پر کوئی اثر نہیں پڑنا چاہئے۔ اس تفرقے اور تشتت نے جس قدر ضرر ونقصان کافہ اہل اسلام کو پہنچائے ہیں وہ روشن وہویدا ہیں۔ تھوڑا ہی عرصہ گزرا کہ سرحد پنجاب پر ایک ملاجی نے بیچارے سنی وشیعوں کو بھڑکا کر لڑوا دیا۔ اور سینکڑوں ہزاروں خون کرا دیئے۔ اور حکام گورنمنٹ کو کچھ عرصہ تک ایک ناحق کی فکر میں ڈال دیا۔ حالانکہ وہ سب لوگ بھائی بھائی تھے اور مدت ہائے دراز سے امن وآشتی کے ساتھ رہتے تھے۔ ایسا ہی ہندوستان کے بعض شہروں کا حال ہے۔ اگرچہ گاہ گاہ ہوتا ہے مگر اس کا خراب اثر دیر تک قائم رہتا ہے۔ ایسا ہی کبھی کبھی ہندو مسلمان لڑ مرتے ہیں تمام تعلیم یافتہ مسلمانوں کو جہاں اور امور بطور اصول اپنی تعلیم کے پیش نظر رکھنے واجب ہیں اس صلح کل کے ضروری اصول کو ہمیشہ پیش نہاد خاطر رکھنا چاہئے کہ آپس میں اور اپنے ہمسایہ ہندو بھائیوں سے کوئی عناد وفساد کی بات ہرگز نہ کریں بلکہ عناد وفساد سے سخت نفرت کریں اور جس جس پر ان کا اثر پہنچ سکتا ہو اپنے مسلک صلح کل کا اثر پہنچائیں۔ علی گڑھ میں جس کے زیر سایہ یہ کانفرنس جمع ہے خدا کے فضل سے ابتدا سے مسلک صلح کل کی عملی تعلیم ضروریات سے سمجھی جاتی ہے ہر فرقہ کے مسلمان اپنے عقائد مختلفہ کی دینی تعلیم پاتے ہیں اور ایک ہی مسجد میں اپنی نمازیں بھی ادا کرتے ہیں اور دور دراز مختلف الحال مقامات (مدراس، بمبئی، برہما، ایران، بلوچستان وغیرہ) کے طالب علم جمع ہیں اور تمام کاموں میں شریک رہتے ہیں اور اس طرح اپنے عمل سے ثابت کرتے ہیں کہ ہم ایک ہی خدا اور ایک ہی پیغمبر اور ایک ہی قرآن کے متبع ہیں اور ایک ہی کلمہ کے قائل ہیں۔ پس اختلاف چہ معنی دارد اسی طرح ہندو طالب علم بھی یہاں پڑھتے اور بورڈنگ ہاؤس میں رہتے ہیں اور وہ بھی صلح کل کا اصول سیکھتے ہیں کہ ہندوستان کے رہنے والے سب بھائی اور عام نفع میں شامل ہیں۔

میں اپنے آباء واجداد سے شیعہ ہوں۔ میرے مرحوم بھائی اور میں ابتدا سے علی گڑھ کالج کی قائم کرنے کی تحریک میں شامل رہے ہیں۔ ہماری آرزو ہمیشہ یہی رہی ہے کہ تمام مسلمان باوجود اختلاف عقائد اس صلح کل کے اصول کلی کو اپنی ترقی تعلیم کا آئیڈیل بنائے رکھیں۔ اور ہم کو سخت افسوس ہوتا ہے کہ جب کسی جگہ سے اختلاف اور فساد باہمی کی آواز سنائی دیتی ہے کل حاضرین کانفرنس سے کہ جس میں بلاشبہ ہر ایک عقیدے کے حضرات موجود ہیں۔ اسی خدائے واحد اور اسی پیغمبر اور اسی قرآن اور کلمے کا جس کے سب یکساں قائل ہیں واسطہ دے کر یہ عرض کرتا ہوں کہ جن جن پر ان کا اثر پہنچ سکتا ہے ان پر اپنا اثر پہنچائیں۔ اور مسلمانوں کی پردرد حالت اور مشکلات پر غور سے نظر فرما کر ان جاہلانہ اور مضر اختلافات کو پست اور مضمحل کرنے میں سعی فرمائیں۔ ہمارے سابقین دین وملت کے نام سے بہتیری لڑائیاں لڑ چکے اور بہتیرے خون بہا چکے اور بہتیرے نقصان اٹھا چکے۔

(ایضاً 335 تا 351)

دوستو اک نظر خدا کے لئے
سید الخلق مصطفیٰ کے لئے
(المسیح الموعود)

ماخوذ

2006ء کی بہترین ایجادات

یوٹیوب

ایک برس قبل شاید یہ ناممکن تھا، لیکن اب دنیا تبدیل ہوچکی ہے۔ گذشتہ بارہ ماہ میں سینکڑوں عام افراد شہرت پاچکے ہیں اور یہ سب کچھ صرف ایک ویب سائیٹ You Tube کی بدولت ہوا ہے۔

2006ء ٹیکنالوجی کے لحاظ سے بے حد دلچسپ ہے۔ ننٹینڈو نے ایسا ویڈیو گیم ایجاد کیا ہے، جسے آپ جادو کی چھڑی سے کنٹرول کرتے ہیں۔ ایک سلی کون کمپنی نے ایک الیکٹرانک کار بیچنا شروع کی، جو 'فراری' کی طرح فراٹے بھرتی ہے۔ ایک روبوٹ ایسا بنایا گیا، جو بائیک چلا سکتا ہے۔ لیکن صرف 'یوٹیوب' نے لاکھوں لوگوں کو تفریح پہنچانے کا ایک نیا طریقہ دریافت کیا۔ اسی لئے 'ٹائم' میگزین نے اسے سال کی بہترین ایجاد قرار دیا ہے۔

لیکن اگر یہ سال کی بہترین ایجاد ہے تو اس کا موجد کون ہے؟

یہ تین نوجوان ہیں، جن کے نام اسٹیو چھن، چیڈ ہرلے اور جاوید کریم ہیں۔ 2004ء میں سلی کون کمپنی کے ایک عشائیے میں تینوں اس بات پر گفتگو کررہے تھے کہ آن لائن دوستوں کو اپنی تصویریں بھیجنا تو بہت آسان ہے، لیکن ویڈیوز کی ترسیل بڑی کٹھن ہے۔ لہٰذا انہوں نے اس کا حل تلاش کرنے کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے مختلف فارمیٹ میں ویڈیوز بنائیں، اور کمپیوٹر کے ویب براؤزر پر انہیں پلے کیا۔ پھر انہوں نے ایک 'ورچوئیل ویڈیو ویلیج' بنایا، ایک ایسی ویب سائٹ، جہاں لوگ اپنی ویڈیوز بھیج سکتے تھے، دیکھ سکتے تھے، ان پر اپنی رائے کا اظہار کرسکتے تھے اور دوسرے لوگوں کی ویڈیوز سرچ کرسکتے تھے۔

اگرچہ وہ تینوں 'یوٹیوب' کے خالق تھے، لیکن وہ خود اس کی صحیح قدر وقیمت سے واقف نہیں تھے۔ لوگوں نے یہ کیا کہ یہ ویب سائٹ ہائی جیک کرلی۔ انہوں نے اپنے گھر پر بنائی گئی فلموں کے بجائے اپنے معمولات اور مضحکہ خیز حرکات وسکنات کی ویڈیو پوسٹ کرنی شروع کردی اور اپنی سائنسی ایجادات اور اپنی موسیقی کے نمونے بھیجنے شروع کردیے۔ مزید برآں لوگوں نے نیو آرلینز میں آنے والے طوفان کے بعد اور بغداد میں امریکی فوج کی بربریت کی فوٹیج بھی بھیجی اور اس طرح اس ویب سائٹ کے ذریعے اب آپ امریکیوں کے لاشعور کو پڑھ سکتے ہیں کہ اس قوم کے مزاج میں کیا کچھ رچا بسا ہے۔ 'یوٹیوب' اب تک سو ملین ویڈیوز ٹیلی کاسٹ کرچکا ہے، اور اس ویب سائٹ کے یوزرز کی تعداد 70 ہزار سے زائد ہے۔

اس ویب سائٹ نے تین انقلاب برپا کئے ہیں۔ پہلا انقلاب یہ ہے کہ ویڈیو پروڈکشن اب کسی بھی سستے کیمرے سے ممکن ہے اور کسی بھی آسان ویڈیو سافٹ ویئر کے ذریعے اسے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ دوسرا انقلاب یہ ہے کہ تجزیہ کاروں اور ماہرین نے اسے ویب 2.0 قرار دے کر اسے مائی اسپیس، وکی پیڈیا، فلکر اور ڈگ جیسی مقبول عام سائٹس کے ہم پلہ قرار دیا ہے۔ تیسرا انقلاب ثقافتی ہے۔ اب صرف صحافی ہی نہیں، بلکہ عام لوگ بھی بغداد، لبنان اور دارفر جاکر ویڈیو بنارہے ہیں۔ یہ میڈیا کا انقلاب ہے۔ لیکن اہم خبر یہ ہے کہ حال ہی میں یہ کمپنی 'گوگل' کو 1.65 ملین ڈالر میں فروخت کردی گئی ہے۔

الیکٹرک سپورٹس کار

ٹیسلا موٹرز کی اس چمچماتی سپورٹس کار کی قیمت صرف ایک لاکھ ڈالر ہے۔ یہ کار پیٹرول یا گیس کے بجائے بیٹری کی مدد سے 210 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے چلتی ہے۔ اس طرح اس کار کو ماحولیات دوست قرار دیا گیا ہے، کیونکہ یہ دھواں نہیں چھوڑے گی۔ اس کی lithium-ion بیٹری چار سو کلومیٹر تک ساتھ دیتی ہے۔

زیر آب چلنے والی گاڑی

اس گاڑی کا 175 ہارس پاور کا روٹری انجن اسے پچاس کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے چلاتا ہے۔ 4.9 میٹر لمبی اس زیرآب گاڑی میں دو افراد کے بیٹھنے کی گنجائش ہے۔

ہائیڈروجن سے چلنے والی کار

شنگھائی کی ایک کمپنی نے یہ کھلونا کار ڈیزائن کی ہے، یہ اپنے سولر پاور ہائیڈروجن سٹیشن سے ہائیڈروجن کشید کرکے نوے میٹر تک سفر کرسکتی ہے۔ اسی فارمولے پر 'سچ مچ' کی کار بھی بنائی جاسکتی ہے۔

شمسی توانائی سے چلنے والا بحری جہاز

'سن 21' شمسی توانائی سے چلنے والا جہاز ہے۔ اس میں فیول یا گیس ٹینک کے بجائے دو الیکٹرانک موٹرز نصب ہیں، جو بیٹری سے چلتی ہیں، اور بیٹریاں سیل سے چارج ہوتی ہیں۔ دن میں چھت پر نصب پینلز ضرورت سے زائد شمسی توانائی ذخیرہ کرلیتے ہیں، جس کے باعث یہ چھوٹا جہاز رات بھر سفر جاری رکھ سکتا ہے۔ اور اس کی رفتار بھی دوسرے عام جہازوں کی طرح پانچ تا چھ ناٹ ہے۔

انسان نما روبوٹ

ماہ اکتوبر 2006ء میں بیجنگ میں روبوٹس کی سالانہ نمائش ہوئی، جس میں سپر مین اسکلپچر ریسرچ کونسل نے ایسا روبوٹ پیش کیا، جو از خود دیکھ سکتا ہے، چہرہ گھما سکتا ہے، اور بات بھی کرتا ہے۔ سب سے اہم خصوصیت اس کی جلد ہے، جو Silica gel سے بنائی گئی ہے، اور اس طرح یہ روبوٹ دیکھنے میں بالکل انسان لگتا ہے۔

نرس روبوٹ

ایک وقت آئے گا، جب روبوٹ نرسوں کی جگہ لیں گے، لیکن اس کے لئے انہیں خصوصی تربیت کی ضرورت ہوگی۔ جاپان کا Ri-Man ایسا ہی روبوٹ ہے، جو اپنے جسم میں لگے سینسرز کی بدولت دیکھتا ہے، سونگھتا ہے اور سنتا ہے۔ اس کے بازو اور سینے میں 320 پریشر پوائنٹس ہیں، جن کی بدولت وہ ہسپتال میں اپنا کام مہارت سے انجام دیتا ہے۔ یہ روبوٹ فی الحال 36 کلوگرام وزن اٹھا سکتا ہے، لیکن ماہرین کو امید ہے کہ اس استعداد میں اضافہ ہوجائے گا۔

سائیکل چلانے والا روبوٹ

اس کا وزن صرف پانچ کلوگرام اور قد 51 سینٹی میٹر ہے۔ یہ روبوٹ سائیکل چلاتا ہے۔ اس کی باڈی میں سینسر اور سر میں کیمرا نصب ہے، اس لئے یہ بالکل صحیح طریقے سے سائیکل چلاتا ہے۔ سینے میں نصب الٹراسونک سینسرز اسے دیواروں سے ٹکرانے سے روکتا ہے، اور وائرلیس ٹیکنالوجی کی بدولت یہ راہ میں آنے والی رکاوٹ دیکھ کر سائیکل روک لیتا ہے۔

(روزنامہ ایکسپریس 20 نومبر 2006ء)

مکرم محمود مجیب اصغر صاحب

احمدیت کی برکات اور ہماری ذمہ داریاں

حضرت مسیح موعود کی بعثت چودھویں صدی ہجری کے شروع میں ہوئی اور خلافت ثالثہ میں یہ صدی اپنی تمام تر برکتوں کے ساتھ اپنے اختتام کو پہنچی جماعت احمدیہ نے اللہ تعالیٰ کی توحید کے ترانوں کے ساتھ اس صدی کو الوداع کہا اور حمد و عزم کے ساتھ احمدیت کا قافلہ شاہراہ غلبہ احمدیت پر آگے رواں دواں ہوا۔ اس کے بعد احمدیت کی پہلی صدی 1989ء میں خلافت رابعہ میں تکمیل پذیر ہوئی جس کے لئے صد سالہ احمدیہ جوبلی منصوبہ جاری ہوا تھا۔ یہ بڑا بابرکت منصوبہ تھا۔ اس منصوبہ کے تحت بڑی وسعتیں نصیب ہوئیں۔ بڑے خوش قسمت ہیں وہ خاندان جن کے آباؤ اجداد کو اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کو دیکھنے اور آپ کی بیعت کرنے کی سعادت نصیب فرمائی۔

چنانچہ حضرت مصلح موعود خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں۔

''کسی جماعت کے بنیادی لوگوں میں سے ہونا بڑے فخر کی بات ہوتی ہے۔ جہاں یہ بات بری ہوتی ہے کہ انسان جماعت کے متعلق یہ خیال کرے کہ وہ میری چراہ گاہ ہے اور اس سے ناجائز فائدہ اٹھانے کی کوشش کرے وہاں یہ بات بھی بری ہوتی ہے کہ کوئی شخص ایک سچی جماعت کے ابتدائی لوگوں میں سے ہو اور پھر وہ اس پر فخر محسوس نہ کرے۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ اس چیز کی قدر اس کے دل میں نہیں ورنہ جن لوگوں کے دلوں میں قدر ہوتی ہے جہاں وہ یہ سمجھتے ہیں کہ انہوں نے کچھ کام کیا ہے تو سلسلہ پر احسان نہیں کیا بلکہ سلسلہ نے ان پر احسان کیا ہے وہاں وہ اپنی اہمیت کو بھی خوب سمجھتے ہیں۔

(خطبہ جمعہ 19 فروری 1954ء بمقام رتن باغ لاہور مطبوعہ الفضل 13 دسمبر 1961ء)

صد سالہ احمدیہ جوبلی منصوبہ میں بعض لوگوں نے شکرانے کے طور پر اپنے آباؤ اجداد کی طرف سے بھی حقیری سی رقم خلیفہ وقت کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے احمدیت کی پہلی صدی کے اختتام پر اس طرف بھی توجہ دلائی تھی کہ اپنی نسلوں کے علم اور ان کی تربیت کے لئے اپنے آباؤ اجداد کی نیکیوں کو قلمبند کریں اور جو کتاب کی شکل میں شائع کر سکتے ہیں وہ کتاب لکھیں۔ اس نیک تحریک کی طرف بھی بعض لوگوں کی توجہ مبذول ہوئی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے دور میں اب اللہ تعالیٰ کا دوہرا احسان ہے کہ صد سالہ خلافت احمدیہ جوبلی منائی جا رہی ہے کیونکہ ایک تو اللہ تعالیٰ نے ہمیں حضرت مسیح موعود کی غلامی میں داخل کیا دوسرے خلافت احمدیہ سے وابستہ فرمایا۔ یہ دونوں بڑے نادر مواقع ہیں۔ خلیفہ وقت نے بھی خلافت جوبلی کے لئے روحانی پروگرام دیا ہے۔ ذکر الٰہی اور درود شریف مسنون، دعائیں اور اللہ تعالیٰ کے حضور نفلی عبادات وغیرہ۔ مالی قربانی کا پہلو بھی ہے۔ یہ موقع پھر ہاتھ آنے والا نہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو جو حضرت مسیح موعود اور خلافت احمدیہ کی طرف منسوب ہوتے ہیں اس سے کماحقہ، استفادہ کرنے کی توفیق دے اور اپنے لازوال فضلوں رحمتوں اور برکتوں کا وارث بنائے۔ آمین

اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے میں اپنے بعض بزرگ آباؤ اجداد کا ذکر کرنا چاہتا ہوں جنہیں حضرت مسیح موعود کا رفیق بننے کا شرف حاصل ہوا یا اپنی کسمپرسی کی وجہ سے ان کی اتنی مالی استطاعت ہی نہ تھی کہ کرایہ خرچ کر کے قادیان پہنچیں لیکن انہوں نے خطوط کے ذریعے ہی بیعت کرنے کو سعادت سمجھا۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں اور ان کی نسلوں کو خلافت احمدیہ سے بھی وابستہ کیا اور اس طرح وہ اور ان کی نسلیں اللہ تعالیٰ کی دائمی برکتوں سے معمور ہوئیں۔

کس طرح تیرا کروں اے ذوالمنن شکر و سپاس
وہ زباں لاؤں کہاں سے جس سے ہو یہ کاروبار

میرے ماں باپ پیدائشی احمدی تھے ہمارے دادا کو 1898ء میں قادیان جا کر حضرت مسیح موعود کی زیارت اور ملاقات اور بیعت کا شرف حاصل ہوا تھا وہیں سے قرآنی ارشاد (الشعرا: 210) تو سب سے پہلے اپنے سب قریبی رشتہ داروں کو ڈرا کے تحت انہوں نے اپنے والد یعنی ہمارے پڑدادا کو خط لکھا اور گو وہ غم و غصہ کی حالت میں بیٹے کو قادیان سے لینے گئے تھے لیکن حضرت مسیح موعود کو ایک ہی نظر میں پہچان گئے اور رفیق بننے کی سعادت حاصل کر لی۔ حضرت مسیح موعود نے فرمایا کہ عورت مرد کی ذیل میں ہوتی ہے بدقسمتی سے عورتوں کا ذکر کم ہی ہوتا ہے لیکن بڑی ہی خوش نصیب وہ عورتیں تھیں جنہوں نے اس واقعہ کے بعد فوراً ہی حضرت مسیح موعود کی بیعت کر کے ایسی سعادت حاصل کر لی جو کسی کسی کے نصیب میں ہوتی ہے۔

چنانچہ ہمارے دادا کے ذریعے ان کے والدین اور اہل و عیال اور بعض اور قریبی رشتہ داروں نے احمدیت قبول کر لی۔ میرے پڑدادا حضرت میاں اللہ دین صاحب تو حضرت مسیح موعود کی زندگی میں ہی 1905ء میں اللہ کو پیارے ہو گئے۔ میرے دادا نے اپنی والدہ اور بیوی بچوں اور باقی قریبی رشتہ داروں کو خوب سنبھالا۔ 1908ء میں پھر اللہ تعالیٰ نے سب کو خلافت سے وابستہ کیا۔ یہ اللہ تعالیٰ کا دوہرا احسان ہے جس کے لئے اس کا جتنا شکر کیا جائے کم ہے۔ ہماری دادی بڑی سادہ نیک اور پارسا عبادت گزار خاتون تھیں۔ ہمارے دادا کا نام حضرت میاں عبدالرحمٰن صاحب اور دادی کا نام محترمہ غلام بی بی صاحبہ تھا۔

ہمارے والد میاں فضل الرحمٰن صاحب (بسمل) کی پیدائش 1908ء کے آخر یا 1909ء کے شروع کی ہے۔ گویا ان سے دس گیارہ سال پہلے ہمارے خاندان احمدیت کی دولت سے مالا مال ہو چکا تھا۔ اس صداقت کے اصل محرک حضرت خلیفۃ المسیح الاول تھے جن کے آبائی وطن بھیرہ سے ہمارا تعلق ہے اور آپ سے نہ صرف خادمانہ تعلقات تھے بلکہ آپ کے خاندان سے رضاعت کا رشتہ بھی تھا۔ چنانچہ خلافت اولیٰ میں ایک جلسہ سالانہ پر ہمارے دادا جان کے سارے کنبے کو قادیان حضرت خلیفہ اول کے گھر میں ٹھہرنے کی سعادت نصیب ہوئی۔ ہمارے والد صاحب نے لکھا ہے اور زبانی بھی بتایا کرتے تھے کہ انہوں نے بہت بچپن میں حضرت خلیفہ اول کو دیکھا ہوا تھا۔

ہمارے والد صاحب ابھی چھٹی جماعت میں تھے جب ان کی والدہ یعنی ہماری دادی جان 1921ء میں اللہ کو پیاری ہو گئیں۔ ہم نے دیکھا کہ ہمارے والد صاحب اپنی والدہ کا ذکر کر کے اکثر آبدیدہ ہو جایا کرتے تھے۔

1924ء میں ہماری پڑدادی محترمہ فاطمہ بیگم صاحبہ کا حج کا پروگرام بنا اور وہ اصرار کر کے اپنے بڑے بیٹے یعنی ہمارے دادا جان کو اپنے ساتھ لے گئیں۔ شاید الٰہی نوشتوں میں لکھا ہوا تھا۔ دونوں ماں بیٹا اس پاک سرزمین پر حج کرنے کے بعد اللہ کو پیارے ہو گئے۔ والد صاحب اس وقت نویں جماعت کے طالب علم تھے ان کے بڑے بھائی میاں عطاء الرحمٰن صاحب انہیں بھیرہ سے قادیان چھوڑ آئے جہاں والد صاحب نے حضرت مصلح موعود کے زیر سایہ میٹرک کیا اور پھر نوکری کے ساتھ پرائیویٹ طور پر پڑھتے رہے حتیٰ کہ بی اے بی ٹی کر لی ساتھ بیوی بچوں کی ذمہ داری بھی تھی کیونکہ میٹرک کے جلد ہی بعد سروس کے دوران ان کی شادی ہو گئی تھی۔ والد صاحب کو اللہ تعالیٰ نے صد سالہ احمدیہ جوبلی دیکھنی نصیب کی اور اب آگے ان کی اولاد پر اللہ کا دوہرا فضل ہے کہ وہ صد سالہ خلافت احمدیہ جوبلی دیکھ رہے ہیں۔ ہم اللہ کے فضل سے آٹھ بہن بھائی ہیں۔

ہماری والدہ کا خاندان بھی حضرت خلیفہ اول کے محلہ میں بھیرہ کا رہنے والا تھا۔ ہماری والدہ کی دادی محترمہ عمر بانو صاحبہ کو ایک رؤیا صالحہ کے ذریعے حضرت مسیح موعود کی صداقت معلوم ہوئی اور انہوں نے اور ہمارے پڑنانا اور آگے ان کی اولاد جو اس وقت تک تھی جن میں ہمارے نانا اور نانی بھی شامل تھے، نے حضرت مسیح موعود کی 1896ء میں بذریعہ خط بیعت کی اور پھر بعد میں خلافت سے بھی منسلک ہوئے۔

ہمارے پڑنانا کا نام محترم میاں غلام محی الدین صاحب تھا۔ ان کی وفات 1903ء میں ہوئی۔ نانا اور نانی کے نام میاں امام الدین صاحب اور محترمہ فاطمہ بی بی صاحبہ تھے۔ میں نے بچپن میں صرف اپنی نانی اماں کو دیکھا ہوا ہے۔ بہت صاف ستھرے لباس میں ملبوس ہوتی تھیں نماز باقاعدہ پڑھتی تھیں۔ بڑی بڑی سورتیں حفظ کی ہوئی تھیں۔ قرآن کریم کی اکثر دعائیں یاد تھیں۔ بڑی رقیق القلب تھیں۔ جمعہ کی نماز کے لئے بہت پہلے بیت نور جا کر نوافل ادا کرتی رہتی تھیں ان کی وفات 1958ء میں ہوئی تھی۔ میری والدہ کا نام محترمہ عزیزہ بیگم صاحبہ تھا ان کی پیدائش 1922ء کی ہے اور وفات صد سالہ احمدیہ جوبلی کے سال یعنی 1989ء میں 15 جنوری کو ہوئی۔ والد اور والدہ دونوں کو بہشتی مقبرہ ربوہ میں جگہ ملی۔ الحمدللہ

اللہ تعالیٰ نے بنیادی طور پر ہمیں دو رشتوں میں تقسیم کیا ہے۔ نسبی اور صہری اس لئے صہری رشتوں کا ذکر بھی ضروری ہے۔ حضرت سردار عبدالرحمٰن سابق مہر سنگھ ہمارے سلسلہ میں مشہور رفقاء میں سے ہیں۔ آپ بچپن میں ہمارے بزرگوں کے ساتھ پلے بڑھے ہیں کیونکہ بچپن سے ہی حضرت خلیفہ اول کی کفالت میں آ گئے تھے۔ میرے دادا حضرت الحاج میاں عبدالرحمٰن صاحب اور حضرت سردار عبدالرحمٰن صاحب دونوں مڈل تک بھیرہ میں کلاس فیلو اور دوست تھے۔ غالباً یہی تعلق علی الترتیب ان کے پوتے اور پوتی کے رشتے کا باعث بنا۔ میری اہلیہ حضرت سردار عبدالرحمٰن صاحب کی پوتی اور محترم ڈاکٹر سردار نذیر احمد صاحب کی بیٹی ہیں۔ حضرت سردار عبدالرحمٰن صاحب کی قربانی بہت بڑی اور عظیم ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ کے ان پر اور ان کی نسل پر فضل بہت ہی زیادہ ہیں۔ اب یہ الٰہی تقدیر معلوم ہوتی ہے کہ پرانے پرانے رفقاء مسیح موعود کی نسلوں کے آپس میں رشتے ہو رہے ہیں اور دونوں طرف سے اللہ تعالیٰ کے فضائل و برکات اگلی نسلوں پر نازل ہو رہے ہیں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے ایک بار خلافت ثالثہ کے دوران اپنے ایک دورۂ وقف جدید کے دوران دارالذکر لاہور میں خطبہ جمعہ دیا اتفاق سے میں بھی وہاں موجود تھا۔ آپ نے فرمایا کہ احمدیوں کے آباؤ اجداد نے حضرت مسیح موعود اور احمدیت کے ابتدائی دور میں جو حقیر قربانیاں خدا کی راہ میں پیش کی ہیں ان کو اللہ تعالیٰ نے اس رنگ میں قبول فرمایا ہے کہ ان کی نسلوں کو کئی کئی گنا بدلے میں اس کے دے دیا ہے۔ آپ نے فرمایا اگر اس زمانے کے بزرگوں میں سے کوئی زندہ ہو کر واپس آ جائے اور انہیں بتایا جائے کہ یہ بنگلہ ان کے پوتے یا پوتی یا نواسے یا نواسی کا ہے تو وہ وہاں جا کر اندر داخل ہونے سے انکار کر دیں کہ خدا کی قسم یہ ہمارا گھر نہیں ہو سکتا ہم تو بہت غریب تھے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود اور خلافت کی برکتوں سے سب احمدیوں کو بڑی وسعتیں

عطا فرمائی ہیں۔ ان کے آباؤ اجداد کی قربانیوں کو قبول کیا ہے۔ بعض تنگ و تاریک گلیوں اور چھوٹے چھوٹے مکانوں میں رہنے والوں کو دنیا کے بڑے بڑے ملکوں اور برصغیر پاک و ہند کے بڑے بڑے شہروں اور مرکز سلسلہ میں لا بسایا ہے جس کا وہ سوچ بھی نہیں سکتے تھے۔ حضرت مسیح موعود کے ساتھ خدا کا وعدہ تھا ''تیری نسل کثرت سے ملکوں میں پھیل جائے گی''۔

(تذکرہ ایڈیشن چہارم ص140)

یہ وعدہ آپ کی جسمانی اور روحانی ہر دو طرح کی نسلوں کے لئے ہے۔ وہ جنہیں اتنا کرایہ بھی نصیب نہیں تھا کہ قادیان جلسہ پر جاسکیں یا زندگی میں ایک دو دفعہ سے زائد حضرت مسیح موعود کی جا کر زیارت کر آئیں یا حضرت خلیفہ اول یا بعد میں حضرت خلیفہ ثانی کو مل آئیں وہ آج مجموعی طور پر کروڑوں روپے خرچ کرکے جہازوں پر اور آرام دہ کاروں اور دیگر ٹرانسپورٹ پر دنیا میں سفر کرتے ہیں۔ دنیاوی طور پر بھی اور روحانی طور پر بھی بڑے بڑے عہدوں پر فائز ہیں اور علم اور عمل کے میدان میں بھی آگے سے آگے نکل رہے ہیں۔ اس میں ان کی ذاتی خوبی تو کوئی نہیں حضرت مسیح موعود اور خلافت کی برکت ہے اور ان کے آباؤ اجداد کی حقیر قربانیاں ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے شرف قبولیت عطا فرمایا ہے۔ ان بزرگوں کا یہ حق ہے کہ ان کی نسلیں شکرانے کے طور پر ان کی طرف سے بھی صد سالہ خلافت احمدیہ جوبلی فنڈ میں کچھ دیں اور اپنے رب کے مزید فضلوں کو زیادہ سے زیادہ جذب کریں اور ان کے ناموں کو زندہ کریں۔

میں اپنے اس مضمون کو حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے ان الفاظ پر ختم کرتا ہوں۔

''حضرت مسیح موعود .... کی بعثت کی غرض پورا کرنے کے لئے اب (اگلی) نسلوں کے کندھوں پر بوجھ پڑنے ہیں............ میں بخیل نہیں ہوں۔ میں یہ نہیں کہتا کہ ہمارے جتنی تمہیں خدمت دین کی توفیق ملے۔ میں یہ کہتا ہوں کہ تمہیں مجھ سے بڑھ کر توفیق ملے خدا تعالیٰ کی راہ میں قربانیاں دینے کی اور مجھ سے زیادہ تر اس کے فضلوں کے وارث بنو''

(الفضل 22 فروری 1979ء)

خدا کرے کہ ہماری نسلوں کے ساتھ بھی اللہ تعالیٰ کا یہی سلوک ہو۔ آمین

اے دوستو پیارو عقبیٰ کو مت بسارو
کچھ زاد راہ لے لو کچھ کام میں گزارو

حضرت نضیر بن حارث القرشیؓ

آپؓ کی کنیت ابوالحارث تھی۔ جنگ حنین کے موقع پر رسول اللہؐ نے آپؓ کو سو اونٹ عنایت فرمائے۔ آپ نے رسول اکرمؐ سے دریافت کیا کہ سب سے اچھا عمل کون سا ہے۔ آپ نے فرمایا جہاد اور خدا کی راہ میں خرچ کرنا۔ آپؓ مدینہ ہجرت کر گئے اور پھر وہیں رہے۔ آپؓ 15ھ میں جنگ یرموک میں شہید ہوئے۔

عاشق حسین گنائی صاحب منتظم رپورٹنگ

مجلس خدام الاحمدیہ و اطفال الاحمدیہ بھارت کا سالانہ اجتماع

مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کا 37 واں اور مجلس اطفال الاحمدیہ بھارت کا 28 واں سالانہ اجتماع 12 تا 14 ستمبر 2006ء کو کامیابی کے ساتھ منعقد ہوا حسب سابق اجتماع گاہ احمدیہ گراؤنڈ کے قریب بیت ناصر آباد سے ملحق بنایا گیا تھا۔ 21 صوبہ جات سے 201 مجالس کے صوبائی و مقامی قائدین اور نمائندگان سمیت شرکت کرنے والے خدام و اطفال کی کل تعداد 1520 سے زائد تھی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری اور مالی معاونت سے نومبائع خدام و اطفال کو اجتماع میں شرکت کرنے کے لئے تمام صوبہ جات کو ٹارگٹ دیا گیا تھا۔ جس کے تحت 700 سے زائد نومبائع اس اجتماع میں شریک ہو کر اس سے مستفید ہوئے۔ اجتماع کے تینوں روز بک اسٹال لگایا گیا جس سے مہمانان کرام اور نومبائعین نے بھرپور استفادہ کیا۔

مہمانوں کی کثرت کی وجہ سے امسال قیام کا انتظام مہمان خانہ کے علاوہ سرائے طاہر اور تعلیم الاسلام ہائی سکول میں اور کھانے کا انتظام ہال جلسہ سالانہ کے نزدیک ایک پنڈال میں کیا گیا تھا۔

پہلا روز 12 ستمبر

اجتماع کے پروگراموں کا آغاز باجماعت نماز تہجد سے ہوا، جو محترم مولانا حکیم محمد دین صاحب ناظم دارالقضاء نے بیت اقصیٰ میں پڑھائی۔ نماز فجر کے بعد مکرم مولانا سلطان احمد صاحب ظفر پرنسپل جامعۃ المبشرین نے اپنے درس میں تنظیم خدام الاحمدیہ کی غرض و غایت پر احسن رنگ میں روشنی ڈالی۔ درس کے بعد بہشتی مقبرہ میں سیدنا حضرت مسیح موعود کے مزار مبارک پر محترم صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر جماعت احمدیہ قادیان نے اجتماعی دعا کروائی۔ جس میں خدام و اطفال کے علاوہ دیگر احباب جماعت بھی شریک ہوئے۔

افتتاحی تقریب

صبح 10 بجے مہمان خصوصی محترم حضرت مرزا وسیم احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر جماعت احمدیہ قادیان افتتاحی تقریب کے لئے تشریف لائے۔ ممبران مجلس عاملہ خدام الاحمدیہ بھارت و نمائندگان نے آپ کا اور محترم صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کا پرجوش استقبال کرتے ہوئے گل پاشی کی۔ بعد ازاں مہمان خصوصی نے دعاؤں کے ساتھ لوائے خدام الاحمدیہ لہرایا اور اجتماعی دعا کرائی۔ افتتاحی اجلاس کی کارروائی ٹھیک سوا دس بجے عمل میں آئی۔ عزیزم حافظ نعیم پاشا نے تلاوت قرآن مجید مع ترجمہ پیش کی۔ اس کے بعد محترم صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیہ بھارت نے خدام و اطفال کا عہد دہرایا۔ عہد کے بعد مکرم نصر من اللہ صاحب نے نظم

نونہالان جماعت مجھے کچھ کہنا ہے

خوش الحانی سے پڑھی۔ نظم کے بعد مکرم حافظ مخدوم شریف صاحب معتمد مجلس خدام الاحمدیہ بھارت نے اختصار کے ساتھ سالانہ کارگزاری رپورٹ مجلس خدام الاحمدیہ بھارت پیش کی۔ بعد ازاں محترم رفیق احمد صاحب بیگ مہتمم اطفال نے اطفال الاحمدیہ بھارت کی سالانہ رپورٹ پڑھ کر سنائی۔

کارگزاری رپورٹ سنائے جانے کے بعد حضرت صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر جماعت احمدیہ قادیان نے کتاب ''کامیابی کی راہیں'' کا اجراء فرمایا۔ سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جلسہ سالانہ قادیان 2005ء کے موقعہ پر ایک اہم میٹنگ میں مجلس عاملہ کو یہ کتاب شائع کرنے کا ارشاد فرمایا تھا۔ حضور انور کے ارشاد کی تعمیل میں مجلس خدام الاحمدیہ بھارت نے اس کتاب کو شائع کیا۔ یاد رہے آئندہ یہ کتاب مجلس اطفال الاحمدیہ کے دینی نصاب میں شامل ہے۔ بعدہٗ مکرم صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیہ بھارت نے خطاب کیا۔ نیز حضور انور کا روح پرور پیغام پڑھ کر سنایا، جس میں حضور نے نماز باجماعت ادا کرنے کی جملہ خدام و اطفال کو تلقین فرمائی۔ حضور انور کا یہ پیغام متعدد علاقائی زبانوں میں ترجمہ کیا گیا تھا، جس کو حاضرین میں تقسیم کیا گیا۔ بعد ازاں مہمان خصوصی محترم ناظر صاحب اعلیٰ و امیر مقامی قادیان نے خدام و اطفال سے خطاب فرمایا۔ آپ نے اپنے خطاب میں حضور انور کے پیغام اور متعدد واقعات کے حوالہ سے باجماعت نماز اور دعاؤں پر زور دینے کی نصیحت فرمائی۔ آخر پر اجتماعی دعا کے ساتھ یہ افتتاحی تقریب اختتام کو پہنچی۔

اس کے بعد خدام کے علمی مقابلہ جات منعقد ہوئے۔

ورزشی مقابلہ جات کا باقاعدہ آغاز ٹھیک 3:00 بجے ہوا اور 6:30 بجے تک ورزشی مقابلہ جات کروائے گئے۔ اسی طرح رات کے 8:15 بجے سے 10:30 بجے تک مقابلہ حسن قرأت اطفال معیار (الف، ب) اور مقابلہ تقاریر خدام حزب (الف، ب) کروائے گئے۔

دوسرا دن 13 ستمبر

دوسرے دن نماز فجر کے بعد مکرم محمد کریم الدین صاحب شاہد نے ''خلافت سے وابستگی'' کے عنوان پر درس دیا۔

صبح 6 سے 8 بجے تک تعلیم الاسلام ہائی سکول کے صحن میں مختلف کھیلوں کے مقابلے ہوئے۔ ناشتہ کے بعد مقابلہ تقاریر اطفال، نظم خوانی خدام، بیت بازی اطفال، کوئز اطفال کے علمی مقابلہ جات اجتماع گاہ میں کروائے گئے۔ دوپہر ٹھیک 3 بجے سے 6:30 تک احمدیہ گراؤنڈ میں ورزشی مقابلہ جات کروائے گئے۔ نماز مغرب و عشاء کے بعد رات کے 10 بجے تک کوئز خدام، نظم خوانی اطفال کے مقابلہ جات کروائے گئے۔ رات 10 بجے زیر صدارت محترم مولانا محمد انعام صاحب غوری ناظر اصلاح و ارشاد قادیان، ایک خصوصی اجلاس منعقد ہوا، جس میں محترم مولانا محمد حمید صاحب کوثر پرنسپل جامعہ احمدیہ قادیان اور محترم صدر اجلاس نے 'جماعت احمدیہ کا تعارف اور غرض و غایت' پر روشنی ڈالتے ہوئے احباب کو حضرت مسیح موعود کی کتب کا مطالعہ کرنے کی طرف توجہ دلائی۔

تیسرا دن 14 ستمبر

نماز فجر کے بعد محترم مولانا محمد عمر صاحب مربی انچارج کیرالہ نے اپنے مخصوص دلنشیں انداز میں درس دیا۔ ناشتہ کے بعد ورزشی مقابلہ جات ہوئے۔ نماز ظہر و عصر کے بعد بھی احمدیہ گراؤنڈ میں ورزشی مقابلہ جات ہوئے۔ تینوں دن مجموعی طور پر خدام و اطفال کی شاٹ پٹ، لانگ جمپ، نیشنل کبڈی، پنجابی کبڈی، دوڑ سو میٹر، فٹ بال، والی بال، بیڈمنٹن اور رسہ کشی کے مقابلہ جات کروائے گئے۔

اختتامی اجلاس و تقسیم انعامات

تیسرے دن شام 6 بجے اختتامی تقریب کا آغاز زیر صدارت حضرت صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی منعقد ہوا۔ تلاوت و نظم کے بعد مکرم عطاء الٰہی احسن غوری صاحب نے شکریہ احباب ادا کیا۔ اس کے بعد محترم صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیہ بھارت نے اپنے خطاب میں ایفائے عہد، امانت داری اور سچائی پر زور دیتے ہوئے خدام و اطفال کو خلافت سے وابستہ رہنے کی تلقین کی اور بعدہ ایک ترانہ مکرم تنویر احمد صاحب اور مکرم نصر من اللہ صاحب نے دلنشیں انداز میں پڑھ کر سنایا۔ اس کے بعد حضرت صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر جماعت احمدیہ قادیان نے اپنے صدارتی خطاب میں، خدام و اطفال پر موجودہ دور میں عائد ہونے والی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلاتے ہوئے بیش قیمت نصائح فرمائیں اور اپنے دست مبارک سے پوزیشن لینے والے خدام و اطفال میں انعامات تقسیم فرمائے۔ آخر پر اجتماعی دعا کروائی اور یہ سہ روزہ بابرکت اجتماع نہایت کامیابی کے ساتھ نعروں کی گونج میں اختتام پذیر ہوا۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس اجتماع کے بہترین اور دور رس نتائج عطا فرمائے۔ آمین۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 67239 میں شازیہ وسیم

زوجہ وسیم احمد قوم کھوکھر پیشہ خانہ داری عمر 32 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چھبیل باٹا پور ضلع لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 21-01-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر-/5000 روپے (2) طلائی زیور 5 تولے -/70000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ شازیہ وسیم۔ گواہ شد نمبر 1 وسیم احمد ولد محمد یاسین۔ گواہ شد نمبر 2 محمد امین ولد محمد عنایت اللہ (مرحوم)

مسل نمبر 67240 میں مریم ممتاز

بنت ممتاز اسلم سنوری قوم آرائیں پیشہ طالب علم عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ٹاؤن شپ لاہور ضلع لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 19-12-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ (1) طلائی زیور -/1300 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ مریم ممتاز۔ گواہ شد نمبر 1 خالدہ اسلم بنت بدرالدین۔ گواہ شد نمبر 2 نیلم وقار بنت ممتاز اسلم سنوری

مسل نمبر 67241 میں سندس فاطمہ

بنت شفیق احمد کاہلوں قوم کاہلوں پیشہ میڈیکل ٹیکنالوجسٹ عمر 23 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ٹاؤن شپ لاہور ضلع لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 20-10-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/9000 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ سندس فاطمہ۔ گواہ شد نمبر 1 نوشیرواں عادل ولد شفیق احمد کاہلوں۔ گواہ شد نمبر 2 طاہر خضر ولد شفیق احمد کاہلوں

مسل نمبر 67242 میں عمر بن شاہد

ولد شاہد احمد قریشی قوم.... پیشہ طالب علم عمر 23 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ٹاؤن شپ لاہور ضلع لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 19-1-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ عمر بن شاہد۔ گواہ شد نمبر 1 لقمان بابر بٹ ولد منیر احمد بٹ۔ گواہ شد نمبر 2 ذیشان احمد ولد سردار محمد رانا

مسل نمبر 67243 میں محمد سلیمان

ولد چوہدری نذیر احمد قوم جٹ پیشہ ملازمت عمر 28 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک 390/WB لودھراں ضلع لودھراں بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-1-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/3000 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ محمد سلیمان۔ گواہ شد نمبر 1 راشد اسلم ولد محمد اسلم۔ گواہ شد نمبر 2 محمد طاہر زمان مربی سلسلہ ولد محمد رمضان

مسل نمبر 67244 میں عبدالشکور

ولد عبدالغنی قوم گجر پیشہ زمیندارہ+ملازمت عمر 50 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 344-WB ضلع لودھراں بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 19-2-07 یں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے۔ جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زرعی زمین ساڑھے چھ ایکڑ اندازاً مالیتی فی ایکڑ-/250000 روپے (2) 4 لاکھ قرضہ بینک سے لیا ہوا ہے (3) 10 لاکھ رقبہ پر قرض لیا ہوا ہے جو ابھی ادا نہیں کیا۔ اس وقت مجھے مبلغ-/10000 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں اور مبلغ ایک لاکھ روپے آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ عبدالشکور گواہ شد نمبر 1 طاہر احمد انجم ولد محمد اسماعیل اسلم۔ گواہ شد نمبر 2 طارق محمود جاوید ولد محمد شریف

مسل نمبر 67245 میں عدنان جاوید چغتائی

